# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: حمد (نظم) | |

**مقاصد:** ایک سے تیس تک گنتی اردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں۔
واحد کو جمع میں تبدیل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڑ اُردو جماعت چہارم کی کتاب، ایک سے تیس ہندسوں پر مشتمل پرچیاں، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے گروہ بنا دیں۔
- ایک سے تیس تک ہندسے کی کوئی سی دس پرچیاں بنائیں۔
- یہ پرچیاں بچوں میں تقسیم کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ پرچیوں پر دیے گئے ہندسوں کے آگے ان کی اُردو ہندسی اور لفظی گنتی لکھیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر کو بلا کر انھیں پرچیاں بورڈ پر چسپاں کرنے کے لیے کہیں درست سرگرمی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ ہم گنتی کا استعمال چیزوں کی تعداد گننے کے لیے کرتے ہیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں ایک کالم میں اردو ہندسے اور دوسرے میں لفظی گنتی کی سرخی لکھ دیں۔ بچوں سے ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- ساتھ ساتھ ہر ہندسے کے سامنے اس کی لفظی گنتی لکھتے جائیں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ۲۵ | | ۱۹ | | ۱۳ | | ۷ | | ۱ |
| | ۲۶ | | ۲۰ | | ۱۴ | | ۸ | | ۲ |
| | ۲۷ | | ۲۱ | | ۱۵ | | ۹ | | ۳ |
| | ۲۸ | | ۲۲ | | ۱۶ | | ۱۰ | | ۴ |
| | ۲۹ | | ۲۳ | | ۱۷ | | ۱۱ | | ۵ |
| | ۳۰ | | ۲۴ | | ۱۸ | | ۱۲ | | ۶ |

- بچوں سے واحد اور جمع کا تصور پوچھیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کو شاباش دیں۔
- سوال نمبر 8 کی سرگرمی کروانے کے لیے بچوں کے گروہ بنائیں۔
- ہر گروہ کو واحد الفاظ پر مشتمل پرچیاں دیں۔
- اور ان سے کہیں کہ وہ پرچی پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں۔

- اب دس کارڈز لیں جن پر ان الفاظ کی جمع لکھی ہو۔
- ان کارڈز کو بورڈ پر سیلو ٹیپ کی مدد سے لٹکائیں۔
- ہر گروہ سے ایک بچے کو بلائیں اور ان سے کہیں کہ جن الفاظ کی پرچی ان کے پاس آئی ہے اس سے متعلقہ جمع کو بورڈ سے تلاش کر کے اس کے ساتھ لگائیں۔
- اس سر گرمی کے لیے انھیں چند سیکنڈ دیں۔
- جو بچہ کم وقت میں جتنے زیادہ واحد کو ان کی درست جمع کے ساتھ لگادے گا وہ گروہ جیت جائے گا۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب کا صفحہ نمبر 6 کھولیں اور سوال نمبر 8 کو بورڈ سے دیکھ کر حل کریں۔
- اس دوران میں کمرا جماعت میں گھوم کر ان کے کام کا جائزہ لیں۔
- جہاں ضرورت ہو ان کی رہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر ایک سے تیس تک اردو ہندسی گنتی لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی لفظی گنتی لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

**الف۔ اکیس تا تیس لفظی گنتی لکھیں۔**

۲۱ ______ ۲۲ ______ ۲۳ ______ ۲۴ ______

۲۵ ______ ۲۶ ______ ۲۷ ______

۲۸ ______ ۲۹ ______ ۳۰ ______

**ب۔ دیے گئے واحد الفاظ کی جمع بنائیں۔**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ادا | | ہوا | | دوا | | قبا | |
| دعا | | سزا | | جفا | | | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: حمد (نظم) | |

**مقاصد:** اشعار کو نثر میں تبدیل کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ زاُردو جماعت چہارم کی کتاب۔ واحد الفاظ کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- گزشتہ سبق کے اعادے کے لیے جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کریں۔
- ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔
- اب واحد الفاظ کی پرچیاں اس طرح بنائیں کہ ان کے آگے جمع لکھنے کی جگہ ہو۔
- یہ پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں۔
- ہر گروہ میں سے ایک بچے کو بلائیں اور اسے پانچ پانچ پرچیاں اٹھانے کو کہیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ پرچیوں پر لکھے الفاظ کی جمع بنائیں۔ اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد بچوں کو باری باری جماعت کے سامنے بلائیں اور اپنی پرچی پر موجود الفاظ اور ان کی جمع کو بورڈ پر لکھنے کو کہیں۔
- درست الفاظ کی جمع لکھنے والے گروہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں آج ہم اشعار کی نثر بنانا سیکھیں گے۔
- اس مقصد کے لیے انھیں سوال نمبر 10 میں دیے گئے اشعار کی خواندگی کروائیں۔
- اشعار کی نثر کروانے کے لیے بچوں کی راہ نمائی کریں۔
- انھیں بتائیں اشعار میں موجود الفاظ کو اس طرح سے ترتیب دیں کہ وہ سادہ جملوں میں تبدیل ہو جائیں۔
- حمد کے کسی ایک مصرعے کی نثر بطور مثال خود بنا کر دکھائیں۔
- یہ باغ ایسے کھلائے کس نے

  نثر: کس نے ایسے باغ کھلائے۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔
- دونوں گروہوں کو ایک ایک شعر نثر کے لیے تفویض کر دیں۔
- اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے اس کی بنائی ہوئی نثر سنیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

- اگر کوئی گروہ درست نثر نہ بنا سکے تو دوسرے گروہ کو موقع دیں۔
- اب بورڈ پر مصرعے لکھ کر خود ان کی نثر بنائیں اور پڑھائیں۔
- سوال نمبر 11 میں دی گئی تصویر پر بچوں سے گفتگو کریں۔
- ان سے پوچھیں تصویر میں اللہ تعالیٰ کی کون کون سی نعمتیں انھیں نظر آ رہی ہیں۔ جواب لیں اور فہرست بورڈ پر بناتے جائیں۔
- اب بچوں کو ہدایت دیں کہ ان الفاظ کو استعمال کرتے ہوئے بتائیں کہ اگر یہ نعمتیں نہ ہوتیں تو ہم کیا کرتے ؟
- سر گرمی کروانے سے پہلے بچوں کو بتائیں کہ مربوط تحریر کا مطلب ہے کہ جو بھی لکھیں اس تحریر کے جملوں میں ربط اور تسلسل پایا جائے یعنی ایک جملے کا دوسرے جملے سے تعلق ہو۔
- اس سر گرمی کو کرنے کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے باری باری بچوں کو بلائیں اور جماعت کے سامنے اپنے لکھے جملوں کے بارے میں اظہار خیال کرنے کے لیے کہیں۔
- اس سر گرمی کا مقصد بچوں میں خود اعتمادی پیدا کرنا ہے تاکہ وہ کسی بھی موضوع پر اظہار خیال کر سکیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ پانچ نعمتوں کے بارے میں پانچ جملے تحریر کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: حمد (نظم) | |

**مقاصد:** نظم کا مرکزی خیال لکھ سکیں۔
موضوع سے تعلق تقریر پیش کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ زاُردو جماعت چہارم کی کتاب۔ موضوع سے متعلق اہم نکات کے کارڈز، چارٹ، گوند، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو گروہوں میں بٹھائیں۔
- انھیں نظم ''حمد'' کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ مطالعے کے بعد جو اہم نکات ان کے ذہن میں آئیں وہ اپنے ساتھ بیٹھے ساتھی کو سنائیں۔
- اور اپنے ساتھی کے اہم نکات بھی سنیں۔
- جماعت کے سامنے متفرق بچوں کو بلائیں اور انھیں اپنا اپنا مرکزی خیال سنانے کے لیے کہیں۔
- اس کے بعد انھیں وقت دیں اور مرکزی خیال کو کاپیوں پر لکھوائیں۔
- انفرادی طور پر بچوں کا کام چیک کریں اور درست کام کرنے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار:(25منٹ)

- بچوں کے چار گروہ بنادیں۔
- ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی نامزد کریں۔ اب ہر گروہ کو ہدایت دیں کہ وہ دی گئی معلومات پر تقریر تیار کریں۔
- موضوع ''اللہ تعالیٰ کے احکامات اور ہم'' سے متعلق معلومات فراہم کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ :

''اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے ان تمام کا کام اللہ تعالیٰ کے احکامات کو انسانوں تک پہنچانا اور انھیں سیدھا راستہ دکھانا تھا۔ حضرت محمد خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ نبوت کے سلسلے کو ختم کرنے والے ہیں یعنی اب قیامت تک کوئی نبی اور رسول نہیں آئے گا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ پر نازل ہونے والی کتاب قرآن مجید اور آپ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ کی سنت ہی ہدایت کا واحد اور یقینی ذریعہ ہیں۔
یعنی ہمارے لیے اللہ تعالیٰ کے احکامات کا سرچشمہ قرآن مجید اور احادیث رسول خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ ہیں۔ ان پر عمل کر کے ہی ہم دنیا اور آخرت میں سرخرو ہوں گے۔''

- معلومات کے کارڈز ہر گروہ میں دیں اور انھیں ہدایت دیں سب بچے مل کر تقریر تیار کریں۔
- تقریر سے پہلے بچوں کو ہدایت دیں:
- کہ تقریر کے مختلف مقاصد اور مواقع ہوتے ہیں۔

- ایک اچھا مقرر نہ صرف معاشرتی بلکہ عملی زندگی میں بھی کامیابیوں سے ہمکنار ہوتا ہے۔
- تقریر کو مؤثر انداز میں لکھنے کے لیے عام سننے والے کے علم کا خیال رکھنا ضروری ہے۔
- تقریر کسی متعین کردہ موضوع پر کی جاتی ہے۔
- ایک اچھی تقریر کی موضوع کے تعارف سے ابتدا کی جاتی ہے۔
- پھر موضوع سے متعلق اعداد و شمار اور حقائق پیش کیے جاتے ہیں۔
- اس کے علاوہ مشہور اشعار اور عام زندگی کی مثالیں بھی دی جاتی ہیں تاکہ تقریر کو زیادہ مؤثر اور بھرپور بنایا جا سکے۔
- تقریر میں استعمال ہونے والے الفاظ عام فہم اور بامعنی ہونے چاہییں۔
- درج بالا ہدایات دینے کے بعد بچوں کو سرگرمی کے لیے وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد انھیں جماعت میں تقریر پیش کرنے کے لیے کہیں۔
- تقریر کے آغاز، عروج اور اختتام کا دھیان رکھیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر تقریر کرنے والے بچوں کو شاباش دیں اور تمام گروہوں کی تعریف کریں۔
- سوال نمبر 13 کی سرگرمی کے لیے اللہ تعالیٰ کی بنائی چیزوں کی تصاویر، چارٹ اور گوند بچوں کے گروہوں میں تقسیم کریں۔
- انھیں ان تصاویر کو چارٹ پر چسپاں کرنے کی ہدایت دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو تقریر کے آغاز سے متعلق بتائیں کہ آغاز میں سامعین کو متوجہ کرنے کے لیے مؤثر الفاظ کا چناؤ کیا جاتا ہے یعنی ابتدائیہ سے ہی سننے والوں کی توجہ حاصل کرنے کا آغاز ہوتا ہے۔ تقریر کے آغاز میں ہی موضوع کا تعارف کرانا ہوتا ہے یہ تعارف کسی بھی طریقے سے ہو سکتا ہے۔
مثلاً جناب صدر اور معزز سامعین آج کی میری تقریر کا موضوع ہے: ''اللہ تعالیٰ کے احکامات اور ہم''۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بچوں کے تقریر کرنے کے انداز کو جانچا جائے کہ انھیں کس حد تک لہجے کا اتار چڑھاؤ اور الفاظ کو ادا کرنے کی سمجھ آئی ہے۔ غلطی کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کرنی ہے۔ ورک شیٹ مکمل کر کے آنی ہے۔

## ورک شیٹ

نظم ''حمد'' کا مرکزی خیال لکھیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 2 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 4 | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ (نظم) | |

**مقاصد:** نعت کو درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ زاُردو جماعت چہارم کی کتاب۔ الفاظ پر مشتمل پرچیاں، ٹوکری، 1 سے 7 نمبروں کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گھر میں دیے گئے کام کے متعلق پوچھیں بچوں کی سبق میں آمادگی کے لیے بورڈ پر ایک خاکہ بنائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲ ربیع الاوّل | آخری نبی | صادق اور امین | غار حرا |

- ان سے کہیں کہ خاکے کو دیکھ کر بتائیں کہ یہ کون سی شخصیت سے متعلق ہے۔
- جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے اس سے جواب لیں۔ اور درست جواب دینے پر اس کی حوصلہ افزائی کریں۔
- غلطی کی صورت میں کسی اور کو بتانے کا موقع دیں۔
- بچوں کو بتائیں جب بھی نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کا نام سنا جائے یا پڑھا جائے تو درود شریف پڑھنا چاہیے۔
- ایک بار خود ان کے ساتھ مل کر بلند آواز میں درود شریف پڑھیں۔
- بچوں کو بتائیں آپ خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی زندگی ہمارے لیے اعلیٰ نمونہ ہے۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ تمام جہانوں کے لیے رحمت بن کر آئے ہیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں جس نظم میں حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی تعریف اور ستائش بیان کی جائے، اسے نعت کہتے ہیں۔
- آپ خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کے اسوۂ حسنہ پر عمل کرنا ہی ایمان کامل ہے۔
- لہٰذا ہمیں آپ خَاتَمُ النَّبِیِّیْن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ کی تعلیمات پر عمل کرنا چاہیے۔
- اس کے بعد بچوں کو سبق "نعت" میں دیے گئے "تلفظ سیکھیں" الفاظ سے متعارف کروانے کے لیے تمام الفاظ کی پرچیاں بنا کر ایک ٹوکری میں رکھیں۔
- تمام پرچیاں ٹوکری میں ڈالنے کے بعد جماعت سے متفرق بچوں کو بلائیں اور ایک ایک پرچی اٹھانے کو کہیں۔
- اس کے بعد انھیں ہدایت دیں کہ پرچی کھولیں اور اس پر لکھے الفاظ کی باری باری بلند آواز میں پڑھائی کریں۔
- جو بچے درست طور پر الفاظ کی پڑھائی کریں اور ان کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بچوں سے صفحہ نمبر 8 کھلوائیں۔ نعت پہلے خود پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران میں پر مصرعہ درست ترنم، لے اور آہنگ سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔
- ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ اس کا مطلب بھی واضح کرتے جائیں۔
- ایک ٹوکری میں 1 تا 7 نمبر کی بچوں کی تعداد کے مطابق پرچیاں لکھیں۔
- اب ٹوکری باری باری بچوں کو دیتے جائیں اور انھیں ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| • پرچی کھول کر بچے اس پر لکھا نمبر دیکھیں اور مصرعوں کی پڑھائی کریں۔<br>• پڑھائی کے دوران میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے بلکہ آخر میں ان کی غلطیوں کی اصلاح کی جائے۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر نعت سے مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی ادائی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) نعت کے اشعار کی پڑھائی کر کے آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: نعت رسولِ مقبول خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ (نظم) | |

**مقاصد:** مشکل الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

الفاظ کا جملوں میں استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کَٹز اُردو جماعت چہارم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے دو گروہ بنائیں۔
- ان دونوں گروہوں میں سے جو بچے جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں، ان کے ناموں کی پرچیاں بنائیں اور ایک ٹوکری میں ڈالیں۔
- بورڈ کو دو حصوں میں تقسیم کریں اور گروہ (1) اور (2) کے دو کالم بنائیں۔
- اب باری باری پرچی کھولیں اور جن بچوں کے نام آئیں۔ ان سے نظم ''نعت'' کی پڑھائی کروائیں۔
- درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے والے بچوں کے گروہ کو 5 نمبر دیں۔
- اس طرح جس گروہ کا بچہ پڑھے اس کے متعلقہ گروہ کے خانے میں نمبر لکھتے جائیں۔
- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے وہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے اگر الفاظ کے درست معانی معلوم نہ ہوں تو ہمیں پریشانی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔
- اس کے بعد بورڈ پر تین کالمز بنائیں الفاظ، معانی اور جملے۔
- الفاظ والے کالم میں صفحہ نمبر 9 پر نئے الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ لکھیں۔
- ان کی خواندگی کروائیں اور ساتھ ساتھ معانی بھی سمجھاتے جائیں۔
- الفاظ معانی کی بلند خوانی کروائیں تاکہ بچے معانی سے اچھی طرح متعارف ہو جائیں۔
- اب بچوں سے ان الفاظ کے جملے بنانے کے لیے کہیں۔
- جو بچہ ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔
- درست جملہ بتانے پر حوصلہ افزائی کریں۔
- غلطی کی صورت میں کسی اور کو بتانے کا موقع دیں۔
- جماعت میں بچوں کے گروہ بنائیں۔ ہر گروہ کو صفحہ نمبر 10 پر دیے گئے الفاظ کے کارڈز دیں۔
- انھیں ہدایت دیں کہ وہ باہمی مشاورت سے ان الفاظ کے معانی تلاش کر کے لکھیں اور ایک ایک جملہ بھی بنائیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر کو بورڈ پر بلائیں اور ان سے باری باری ایک لفظ کا معنی اور جملہ بورڈ پر لکھنے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| • سر گرمی کے اختتام پر کانٹ چھانٹ کریں اور غلط معانی اور جملوں کی تصحیح کریں۔<br>• درست معنی اور جملہ لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوائیں اور شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر مختلف الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے معنی اور جملے پوچھیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے آنی ہے۔ |

## ورک شیٹ

دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں نیز جملوں میں استعمال کریں۔

| الفاظ | معانی | جملے |
|---|---|---|
| مس خام | | |
| چہل | | |
| کندن | | |
| موج بلا | | |
| قرنوں | | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ: 1 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 2 | | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | | سبق کا نام: نعت رسول مقبول خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَسَلَّمَ (نظم) | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کٹڈ زاُردو جماعت چہارم کی کتاب

## تحریکی سرگرمی (5 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے ورک شیٹ کے متعلق پوچھیں۔
- متفرق بچوں سے سبق میں آمادگی کے لیے نعت کے دو، تین اشعار کی بلند خوانی کرائیں۔
- اس کے بعد تمام بچوں کو دائرے میں بٹھا دیں اور خاموشی سے 'نعت' کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- مطالعہ مکمل کر کے بچے اس کے اہم نکات کو اپنے ساتھی کو سنائیں اور اس کے اہم نکات سنیں۔
- جماعت کے سامنے متفرق بچوں کو بلائیں اور انھیں اپنا اپنا مرکزی خیال سنانے کے لیے کہیں۔
- اہم نکات بورڈ پر لکھتے جائیں اور آخر میں جملوں کی کانٹ چھانٹ کر کے اہم نکات کی بلند خوانی کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر درست مرکزی خیال سنانے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- سوال نمبر 1 کی سرگرمی کے لئے بچوں کے چار گروہ بنائیں۔
- مختلف رنگوں کے چارٹ پیپرز کی چار پرچیاں لیں ان پر سوالات لکھیں اور ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- ہر گروہ سے ایک بچے کو بلائیں اور اسے ایک پرچی اٹھانے کو کہیں۔
- تمام گروہوں کو پرچی پر لکھا سوال پڑھنے اور پھر جواب سوچنے کے لیے وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر سوالات لکھیں اور ان کے جوابات کی خالی جگہ چھوڑ دیں۔
- اب باری باری ایک ایک بچے کو ہر گروہ سے بلائیں۔
- اسے بورڈ پر لکھے سوالوں میں اپنا سوال تلاش کرنے کا کہیں اور ساتھ ہی اس کے نیچے جواب لکھنے کی ہدایت کریں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی سوالات پر بھی کروائیں۔
- جس گروہ کا بچہ درست جواب دے اس کے لیے تالیاں بجوائیں اور انھیں شاباش دیں۔
- اس کے بعد جوابات کو بورڈ پر لکھیں اور بچوں کی سوالوں اور پھر ان کے جوابات سے خواندگی کروائیں۔
- جوابات کی ایک سے دو بار خواندگی کروائیں اور تمام بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان سوالات کے جوابات کو اپنی کاپی میں لکھیں۔

- جہاں ضرورت ہو ان کی رہ نمائی کریں۔

**اعادہ:** (۳ منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (۵ منٹ) سوال نمبر 1 میں پوچھے گئے سوالوں کے جواب متفرق بچوں سے پوچھیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** (۲ منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ

**(الف) دیے گئے سوالات کے جواب لکھیں۔**

۱۔ نسخہ کیمیا سے کیا مراد ہے؟

جواب:

۲۔ عربوں کی کایا کس نے پلٹی؟

جواب:

۳۔ ''ترہا ڈرنہ بیڑے کو موج بلا یا'' سے کیا مراد ہے؟

جواب:

۵۔ نظم کا مرکزی خیال لکھیں۔

جواب: